# 10-05-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں:

۱۔ملک کی مسلح افواج کومزید حوصلہ اور حوصلہ افزائی کی نیت سے ریاست بھر کے مشہور مندروں میں خصوصی پوجا کی جاری ہے۔

۲۔مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کی پہل پر جموں و کشمیر انتظامیہ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے جموں و کشمیر کے پرتشدد حالات میں پھنسے 23 تلگو طلبہ کا بحفاظت انخلاء کیا۔

۳۔نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکا نے کہا ہے کہ ریاست میں قبائلی کسانوں کیلئے اندرا ساگر جل وکاس پراجکٹ کا آغاز کیا جائے گا۔ جس پر حکومت 12,600 کروڑ روپے خرچ کرے گی۔

۴۔چاردھام یاترا اتراکھنڈ میں آسانی کے ساتھ جاری ہے۔تا حال چار لاکھ سے زائد یاتریوں نے اس میں شرکت کی۔

## BANDI SANJAY

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کی پہل پر جموں و کشمیر انتظامیہ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے جموں و کشمیر کے پرتشدد حالات میں پھنسے 23 تلگو طلبہ کا بحفاظت انخلاء کیا۔ یہ طلبہ، جو تلنگانہ اور آندھرا پردیش سے تعلق رکھتے ہیں، شیرِ کشمیر یونیورسٹی آف اگریکلچرل سائنس اینڈ ٹکنالوجی میں تعلیم حاصل کر رہے تھے۔ جب علاقہ میں پرتشدد واقعات میں شدت آئی تو انہوں نے بے بسی میں مدد کی اپیل کی۔ گزشتہ چند دنوں سے کشمیر میں کشیدگی میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، جہاں پاکستان کی جانب سے شہریوں کے گھروں، سرکاری عمارتوں اور فوجی کیمپوں کو نشانہ بناتے ہوئے ڈرون اور میزائل حملے کئے جا رہے ہیں۔ زمینی حالات نہایت غیر یقینی اور خطرناک ہوتے جا رہے ہیں، جس سے مقامی باشندے اور طلبہ مسلسل خوف کا شکار ہیں۔ ایرپورٹس بند ہونے کی وجہ سے تلگو طلبہ پھنس کر رہ گئے تھے اور وہ علاقہ چھوڑنے سے قاصر تھے۔ اس غیر یقینی صورت حال کے دوران، طلبہ نے مرکزی مملکتی وزیر بنڈی سنجے کو ایک مکتوب روانہ کیا۔ انہوں نے کہا ''ہم جنگ کے میدان میں پھنس چکے ہیں۔ براہِ کرم ہماری مدد کریں۔ ہمیں کشمیر سے کسی محفوظ مقام پر منتقل کیا جائے۔'' انہوں نے سلامتی کی بگڑتی ہوئی صورتِ حال پر شدید تشویش ظاہر کی۔ بنڈی سنجے نے فوری ردِعمل ظاہر کرتے ہوئے ذاتی طور پر طلبہ سے رابطہ کیا اور ان کی حالت کا جائزہ لیا۔ بعدازاں انہوں نے ضلع کلکٹر اور ایس کے یو اے ایس ٹی یونیورسٹی کے ڈین سے بھی رابطہ کر کے طلبہ کے فوری انخلاء کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔ وزیر کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے جموں و کشمیر انتظامیہ نے طلبہ کو محفوظ علاقوں تک منتقل کرنے کے تمام ضروری اقدامات کئے۔ اب یہ طلبہ، جن میں تلنگانہ، آندھرا پردیش اور تمل ناڈو سے تعلق رکھنے والے نوجوان شامل ہیں، مکمل طور پر محفوظ مقام پر منتقل کئے جا چکے ہیں۔ ہفتہ کو جاری ایک سرکاری بیان میں کہا گیا کہ سنجے اور

مقامی حکام کی بروقت مداخلت اور ہم آہنگ کوششوں کے باعث ان تمام 23 طلبہ کا کامیاب انخلاء ممکن ہوسکا۔

KISHAN REDDY

ملک کی مسلح افواج کو مزید حوصلہ اور حوصلہ افزائی کی نیت سے ریاست بھر کے مشہور مندروں میں خصوصی پوجا کی جاری ہے۔ دہشت گردی کا خاتمہ کرنے کے مقصد سے جدوجہد کرنے والی ہندوستانی فوج کو مزید روحانی طاقت دینے کی اسی نیت سے حیدرآباد کے بشیر باغ میں واقع کنکا درگا مندر میں مرکزی وزیر برائے کوئلہ و کانکنی جی کشن ریڈی نے خصوصی پوجا ادا کی۔انہوں نے عوام سے خواہش کی کہ فوجیوں کی حوصلہ افزائی کیلئے خصوصی پوجا کا اہتمام کریں۔

BYTE

PADDY NALGONDA

نلگنڈہ ضلع میں رواں سیزن کے دوران اب تک 998.68 کروڑ روپے مالیت کے 4.30 لاکھ میٹرک ٹن دھان کی خریداری کی گئی ہے، یہ بات ضلع کے ایڈیشنل کلکٹر (ریونیو) نارائن امت نے بتائی۔انہوں نے کہا کہ یہ ریاست میں سب سے زیادہ خریداری ہے۔انہوں نے مزید بتایا کہ ضلع میں روزانہ تقریباً 16 ہزار میٹرک ٹن دھان خریدا جارہا ہے، جسے 500 لاریوں کے ذریعہ رائس ملوں تک منتقل کیا جارہا ہے۔انہوں نے یقین دہانی کروائی کہ کسانوں کی پیداوار کا آخری دانہ تک خریدا جائے گا۔

PADDY-MAHBOOBABAD

محکمہ موسمیات کی جانب سے غیر متوقع بارش کی پیش قیاسی کے پیشِ نظر، حکومت کے وہپ اور دورناکل کے رکن اسمبلی رامچندر نائک نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ دھان کی خریداری کے عمل کو تیز کیا جائے۔انہوں نے دورناکل میں واقع دھان خریداری مراکز کا معائنہ کیا۔انہوں نے کہا کہ دھان کے ڈھیروں کے پاس ٹارپولین دستیاب رکھے جائیں، اور دھان کو تولنے، لوڈنگ اور ٹرانسپورٹ کے عمل کو تیزی سے مکمل کرنے کے لیے حکام فوری اقدامات کریں۔

PADDY JANGAON

جنگاؤں ضلع کے رگھوناتھ پلی منڈل میں واقع دھان خریداری مراکز کا ضلع کے ایڈیشنل کلکٹر روہت سنہا آئی اے ایس نے معائنہ کیا۔انہوں نے ہدایت دی کہ جیسے ہی دھان مراکز میں پہنچے، فوری طور پر اس کی خریداری کی جائے اور ٹیگ شدہ رائس ملوں کو منتقل کیا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ غیر متوقع بارش کے پیشِ نظر کافی مقدار میں تارپولین اور تھیلوں کا بندوبست کیا جائے، اور دھان کی منتقلی کے لیے لاریوں کو تیار رکھا جائے۔

## PADDY BHADRADRI

بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع میں یاسنگی سیزن کے دوران اب تک 54 کروڑ روپے مالیت کا دھان خریدا جا چکا ہے، یہ بات ضلع کلکٹر جیتیش وی پٹیل نے بتائی۔ انہوں نے کہا کہ ضلع میں 145 خریداری مراکز قائم کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کسانوں کو مشورہ دیا کہ وہ دلالوں کے بہکاوے میں نہ آئیں اور حکومت کی جانب سے طے کردہ امدادی قیمت پر ہی اپنا دھان فروخت کریں۔ کلکٹر نے زور دیا کہ کسان دھان خریداری مراکز پر دھان لاتے وقت اس میں مقررہ نمی کی مقدار کو یقینی بنائیں۔

## HARISH RAO RALLY

ملک کی سرحدوں پر موجودہ کشیدہ حالات کے پیشِ نظر، بی آر ایس کے سینئر لیڈر ہریش راؤ نے ملک کے تمام نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ قربانی کے لئے تیار رہیں۔ اس موقع پر بی آر ایس لیڈر نے کہا کہ دہشت گردوں کا سیاحوں کے نام لے کر انہیں بے دردی سے قتل کرنا ملک کے عوام کے دلوں کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے نازک وقت میں فوجیوں کے ارکان خاندان کی حفاظت کرنا ہر شہری کی ذمہ داری ہے، جیسے آنکھ کی پتلی کی حفاظت کی جاتی ہے۔ ہریش راؤ نے آج سورارم میں منعقدہ فوجیوں سے یکجہتی کے لیے نکالی گئی ریلی میں شرکت کی۔

## UTTARAKHAND CM

چاردھام یاترا اتراکھنڈ میں آسانی کے ساتھ جاری ہے۔ تا حال چار لاکھ سے زائد یاتریوں نے اس میں شرکت کی۔ ان سے خواہش کی گئی کہ وہ کسی بھی قسم کی افواہوں پر توجہ نہ دیں۔ ریاستی حکومت مسلسل کوشش کر رہی ہے کہ یاتریوں کا سفر آسان اور محفوظ رہے۔

## BHADRADRI KOTAGUDAM

نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکا نے کہا ہے کہ ریاست میں قبائلی کسانوں کیلئے اندرا ساگر جل وکاس پراجکٹ کا آغاز کیا جائے گا۔ جس پر حکومت 12,600 کروڑ روپے خرچ کرے گی۔ انہوں نے آج بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے اشواراوپیٹ میں 37 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے 6 برقی سب اسٹیشنس کا سنگِ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ برقی صارفین اور کسانوں کو کسی قسم کی پریشانی نہ ہو، اسی مقصد سے حکومت برقی کے ذیلی مراکز قائم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلی حکومت کی جانب سے شروع کی گئی فلاحی اسکیموں کو موجودہ حکومت نہ صرف جاری رکھے ہوئے ہے بلکہ کئی نئی اسکیمیں بھی متعارف کرائی جا رہی ہیں۔ نائب وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ ریاست میں گزشتہ ایک سال میں 57 ہزار ملازمتیں دی گئی ہیں اور مزید 30 ہزار ملازمتوں پر تقرر کے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

BYTE

بھٹی وکرامارکا نے الزام لگایا کہ سابق حکومت نے کالیشورم پراجکٹ کے نام پر 1 لاکھ کروڑ روپے پانی میں بہادئے۔انہوں نے کہا کہ سابق حکومت نے 7 لاکھ کروڑ روپے کا قرضہ لیا اوراب موجودہ حکومت پر تنقید یں کررہی ہے۔
اس پروگرام میں وزراء پونگولیٹی سرینواس ریڈی، تملا ناگیشور راؤ، کوماٹی ریڈی وینکٹ ریڈی، رکن پارلیمان راگھورام ریڈی اور دیگر نے شرکت کی۔

Rajanna Sircilla

راجنا سرسلہ ضلع کے ویمل واڑہ کی مختلف منادراوراہم بس اسٹینڈس کے اطراف پولیس نے بم اسکواڈ اور ڈاگ اسکواڈ کے دستوں کے ساتھ سخت تلاشی مہم چلائی۔ضلع کے ایس پی مہیش نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ سوشل میڈیا پر پھیلنے والی افواہوں پر یقین نہ کریں بلکہ صرف حکومت کی جانب سے جاری کردہ سرکاری اطلاعات پر ہی بھروسہ کریں۔انہوں نے عوام سے کہا کہ اگر کوئی مشتبہ فرد نظر آئے تو قریبی پولیس اسٹیشن یا 100 نمبر پر فوری اطلاع دیں۔

Karimnagar

کریم نگر کے مارکٹ روڈ پر واقع وینکٹیشوراسوامی مندر میں سابق وزیر گنگولا کملاکر کی قیادت میں فوج کے لیے خصوصی پوجا کی گئی۔اس کے بعد عوام نے ہاتھوں میں قومی پرچم لے کر شہر میں ایک ریلی نکالی۔اس موقع پر پاکستان کی حملے میں شہید ہونے والے سپاہی مرلی نائیک کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔